6831-زمزم کے کیافائدے ہیں

سوال

زمزم کے فائدے کیا ہیں ؟

پسندیدہ جواب

زمزم وہ عظیم چشمہ ہے جوجبریل امین علیہ السلام کے پر مارنے سے نکلا (صحیح بخاری حدیث نمبر 3364) اوریہی وہ پانی ہے جواللہ تعالی نے اسماعیل علیہ السلام اوران کی والدہ کوپلایا تھا ، اوریہی وہ پانی ہے جس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دل دھویا گیا ۔

ماء زمزم کی فضیلت میں کئی ایک احادیث وارد ہیں ذیل میں ہم ان میں سے کچھ کا ذکر کرتے ہیں :

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(زمین پر سب سے اچھا پانی زمزم ہے جو کھانوں میں ایک کھانا اور بیماریوں سے باعث شفا ہے) صحیح الجامع حدیث نمبر (3302) ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ انہوں نے زمزم پیا اوراس سے وضوء کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے سر پر بھی بہایا ، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم مشکیزوں اور برتنوں میں بھر کرلے جاتے اور بیمار لوگوں پر بہاتے اورانہیں پلاتے تھے ۔ دیکھیں السلسلۃ الصحیحۃ حدیث نمبر (883) ۔

ایک صحابی رضی اللہ تعالی عنہ کا کہنا ہے کہ ہم زمزم کو شباعا (پیٹ بھر دینے والا) کا نام دیتے تھے ، اور ہم اسے اہل وعیال کے لیے اچھا معاون ومددگار پاتے تھے (یعنی جوان کا پیٹ بھر دیتا اور کھانے سے کفایت کرتا اوراولاد کے لیے بھی کافی ہوتا تھا) ۔ دیکھیں السلسلۃ الصحیحۃ حدیث نمبر (2685) ۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم زمزم کے بارہ میں فرمایا کرتے تھے (زمزم اسی چيز کے لیے ہے جس کے لیے اسے نوش کیا جائے) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (3062) یہ حدیث حسن درجہ کی ہے ۔

علماء کرام اور صلحاء عظام نے اس کا تجربہ بھی کیا ہے کہ یہ جس نیت سے پیا جائے وہ پوری ہوتی ہے جن میں مریض کی شفایابی ، اور فقیری اور مصائب کا خاتمہ اور ضروریات کی فراہمی شامل ہے وغیرہ ان سب اشیاء میں اللہ تعالی آسانی پیدا فرماتا ہے ۔

واللہ اعلم .